





# رمضان کا استقبال فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وطریقہ صحابہ وصفائی قلوب کے ساتھ کریں

**تحریر۔ محمد توحید رضا علیمی بنگلور**

رمضان المبارک قمری مہینوں میں سے نواں مہینہ ہے اللہ تعالیٰ نے اس ماہ مبارک کی اپنی طرف خاص نسبت فرمائی ہے، حدیثِ مبارک میں ہے کہ ماہِ رمضان شہرُ اللہ یعنی اللہ کا مہینہ ہے، جس سے پتہ چلتا ہے کہ اس مبارک مہینہ سے ربِ ذوالجلال کا خصوصی تعلق ہے جس کی وجہ سے یہ مبارک مہینہ دوسرے مہینوں سے ممتاز اور جُدا ہے اس ماہ سے خصوصی تعلق سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تجلیاتِ خاصہ اس مبارک ماہ میں اس درجہ نازل ہوتی ہیں گویا موسلا دھار بارش کی طرح برستی رہتی ہیں شعب الایمان للبیہقی فضائل شھر رمضان مشکوٰۃ المصابیح کتاب الصوم زجاجۃ المصابیح کتاب الصوم جلد اول میں حدیثِ مبارکہ موجود ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ رمضان ایسا مہینہ ہے کہ اس کے اول حصہ میں اللہ تعالیٰ کی رحمت برستی ہے، درمیانی حصہ گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے، اور آخری حصہ میں دوزخ کی آگ سے آزادی حاصل ہوتی ہے، اور رمضان میں ہر عبادت کا ثواب بڑھا دیا جاتا ہے اس مہینہ میں جس شخص نے نفل عمل کیا وہ اس طرح ہے جس نے اس میں ایک فرض ادا کیا اور جس شخص نے فرض ادا کیا وہ اس شخص کی طرح ہے جس نے دوسرے مہینہ میں ستر فرائض ادا کئے۔ اس لئے مسلمان مساجد میں با جماعت نمازِ پنج گانہ و نمازِ تراویح ادا کرتے ہیں، دوسری عبادت صدقہ وخیرات زکوٰۃ وروزہ وتلاوتِ قرآن وغیرہا اعمالِ صالحہ اپنے اعتبار سے ادا کرکہ ثواب کے مستحق ہوتے ہیں۔

**آمدِ رمضان سے قبل حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ کرام کو خوشخبری سنائی**

انسانی زندگی میں ہر صاحب سمجھ اور باشعور انسان منصوبہ بندی (پلاننگ) کرتے ہیں اسکولس وکالجس کیلئے نصاب کی تیاری دراصل وہ اسٹوڈینٹس کی تعلیمی زندگی کے لئے منصوبہ بندی ہے والدین اپنے بچوں کے مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرتے ہیں تاجر اپنی تجارت کو فروغ دینے کے لئے منصوبہ بندی کرتے ہیں جس طرح انسان دنیوی معاملات میں منصوبہ بندی کرتے ہیں اسی طرح ایک مسلمان کو عالم جاودانی میں آرام کے لئے مستقبل کی پلاننگ کرنی چاہئے پارہ ۲۸ سورہ الحشر آیت نمبر ۱۸ میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے۔ اے ایمان والوں اللہ سے ڈرو اور ہر جان دیکھے کہ کل کے لئے کیا آگے بھیجا اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ (ترجمہ کنزالایمان) تفسیر۔ یعنی روز قیامت کے لئے کیا عمل کیا ہے۔ جب دنیا کے کاموں میں منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔ عصری تعلیم بزنس سیکورٹی اور دیگر دنیوی امور کے لئے منصوبہ بندی کی جاری ہے تو اُخروی معاملات اور دینی امور کے لئے اور زیادہ اہتمام کرنا چاہئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے رمضان المبارک کی شکل میں نعمت مل رہی ہے تو اس کی قدردانی کے لئے منصوبہ بندی ہونی چاہئے۔

**استقبال رمضان کا پہلا خطبہ**

حضور مصطفی جانِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ماہ رمضان المبارک کی آمد سے قبل اس کی عظمت وشان آشکار کی ہے آمدِ رمضان سے پہلے اس کے فضائل سے متعلق خطبہ ارشاد فرمایا مسند امام احمد بن حنبل میں حدیث پاک موجود ہے۔ سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور خاتم النبیئین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو خوشخبری سناتے ہوئے ارشاد فرمایا قد جاء کم شھر رمضان یعنی تمہارے پاس ماہ رمضان کی آمد آمد ہے شھر مبارک یعنی یہ ایک برکت والا مہینہ ہے، افترض اللہ علیکم صیامہ یعنی اللہ تعالیٰ نے تم پر اس کے روزے فرض کئے ہیں۔ یفتح فیہ ابواب الجنہ یعنی اس میں جنت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔ ویغلق فیہ ابواب الجحیم یعنی دوزخ کے دروازے بند کردئے جاتے ہیں۔ وتغل فیہ الشیاطین یعنی شیاطین کو قید کردیا جاتا ہے۔ فیہ لیلۃ خیر من الف شھر یعنی جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ من حرم خیرھا فقد حرم یعنی جو شخص اُس رات کی بھلائی سے محروم رہا تو حقیقت میں وہ محروم رہ گیا۔ (مسند امام احمد بن حنبل حدیث ۷۱۴۸) ماہ رمضان کی آمد کے ساتھ ہی جنت کے دروازوں کا کھولا جانا بتلا رہا ہے کہ جو لوگ ماہ رمضان میں نیکیاں کریں گے اُن کے لئے جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں جنت میں داخلہ اُن کے لئے طے ہے اور رمضان کی آمد پر دوزخ کے دروازوں کا بند کیا جانا اشارہ دے رہا ہے کہ اس ماہ مبارک میں نیک عمل کرنے والوں کے لئے دوزخ کے دروازے بند ہیں اُن کا ٹھکانہ تو جنت ہے

**استقبال رمضان کا دوسرا خطبہ**

حضور مصطفی جان رحمت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ماہ رمضان کے بارے میں تمہید کے ساتھ بیان فرما کر اس غیر معمولی اہمیت کو واشگاف فرمایا۔ جیسا کہ صحیح ابن خزیمہ میں روایت ہے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا۔ ایک (آنے والا) تمہارے سامنے آرہا ہے اور تم اُس کا استقبال کروگے ثلاث مرات یعنی یہ جملہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا کوئی وحی نازل ہوئی ہے؟ قال لا یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا نہیں۔ عرض کی کیا کوئی دشمن آیا ہے؟ فرمایا نہیں عرض کی تو پھر کیا واقعہ پیش ہونے ولا ہے؟ اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا (ماہ رمضان کی آمد آمد ہے) یقینا اللہ تعالیٰ ماہ رمضان کی پہلی رات اس قبلہ کو ماننے والے تمام اہل ایمان کی مغفرت فرمادیتا ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد مرماتے وقت اپنے دست مبارک سے قبلہ کی جانب اشارہ فرمایا۔ (صحیح ابن خزیمہ کتاب الصیام فضائل شھر رمضان) رمضان کا مہینہ ابھی شروع نہیں ہوا تھا آمدِ رمضان سے قبل حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کی عظمت کو آشکار فرمایا اور مغفرت کا مژدہ سنایا تاکہ اہل ایمان ماہ رمضان کی آمد سے پہلے تیاری کرلیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ماہ رمضان سے پہلے منصوبہ بندی کے ساتھ اس کا استقبال کرنا چاہئے اس کے لمحہ لمحہ سے استفادہ کرنے کے لئے ذہنی وفکری طور پر اور معاشی ومعاشرتی طور پر تیار رہنا چاہئے

**عزم مصمم ومنصوبہ بندی کی ضرورت**

کسی بھی کام کے لئے عزم مصمم اور منصوبہ بندی اور حاصل کرنے کی کوشش کی ضرورت پڑتی ہے صحابہ کرام علیہم الرضوان ماہ شعبان میں ہر سطح پر ماہ رمضان کی تیاری کرتے عملی اعتبار سے تیاری کے لئے تلاوت قرآن کا خصوصی اہتمام کرتے۔ الغنیۃ لطالبی طریق الحق میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت مذکور ہے۔ کہ آپ نے فرمایا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صحابہ کرام جب ماہ شعبان کا چاند دیکھتے تو قرآن شریف کو سینہ سے لگائے رہتے اور تلاوت میں مصروف رہتے مسلمان اپنے اموال کی زکاۃ نکالتے تاکہ کمزور اور مسکین اس کو حاصل کرکے ماہ رمضان کے روزے رکھنے کی قوت حاصل کرے حکام وذمہ داران قیدیوں کو طلب کرتے اور ان میں جو حد شرعی کے مستحق تھے ان پر حد جاری کرتے ورنہ ان کو رہا کردیتے تاجر حضرات اپنے ذمہ جو حقوق ہیں انہیں ادا کردیتے اور جو چیزیں وصول طلب تھیں انہیں حاصل کرلیتے یہاں تک کہ جب رمضان کا چاند دیکھ لیتے تو غسل کرکے یکسوئی کے ساتھ عبادت میں مشغول ہوجاتے۔ مذکورہ روایت سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ کرام علیہم الرضوان ماہ شعبان میں ہر سطح پر ماہ رمضان کی تیاری کرتے۔ عملی اعتبار سے تیاری کے لئے تلاوت کلام اللہ کا خصوصی اہتمام کرتے لین دین کے معاملات کی تکمیل کرتے اپنے ذمہ جو حقوق باقی ہیں انہیں ادا کرتے وصول طلب رقوم حاصل کرتے سماجی سطح پر تیاری کرتے صحابہ کرام علیہم الرضوان اپنی تیاری کے ساتھ ساتھ دوسروں کی تیاری کا لحاظ رکھتے شعبان میں مال کی زکوٰۃ نکالتے تاکہ تنگدست افراد روزہ رکھنے کے لئے زکوٰۃ کی رقوم کے ذریعہ تیاری کرلیں ہر طرح سے تیاری کرنے کے بعد جب ماہ رمضان کا چاند دیکھتے تو ہمہ تن متوجہ ہوجاتے مکمل اہتمام کے ساتھ غسل کرکے عبادت میں مشغول ہوجاتے۔

**ہم رمضان کی تیاری کیسے کریں؟**

اس ماہ مبارک کی عظمت کے پیش نظر بارگاہ الٰہی میں توبہ واستغفار کرتے ہوئے ماہ رمضان کا استقبال کریں اور اپنے اوقات کو عبادت وریاضت اور نیک کام کرنے میں صرف کریں تلاوت کلام اللہ کا خوب اہتمام کریں متعلقہ افراد کے حقوق ادا کریں معاملات کو صاف ستھرا بنالیں زکوٰۃ ادا کرکے غریبوں کو رمضان کی عبادت کے لئے فارغ ہوجانے کا موقعہ فراہم کریں ان عظمت و سعادت والے لمحات کو غنیمت سمجھتے ہوئے اس کے فیوض وبرکات حاصل کریں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ماہ رمضان کی رحمت کے ساتھ اس کی عظمت کو بھی آشکار فرمایا کہ جو مہینہ تم پر سائے فگن ہونے والا ہے وہ رحمتوں والا مہینہ ہے وہ لطف ومہربانی والا مہینہ ہے اور یہ عظمت والا بھی ہے اس کے تقدس وعظمت کا پامال نہ کیا جائے یہ بڑی شان والا مہینہ ہے اس کی قدردانی کی جائے جو اس کے عظمت وتقدس کو ملحوظ رکھتا ہے اُس پر کرم دوبالا ہوجاتا ہے اور جو اس کی قدردانی نہیں کرتا وہ رحمت سے دور ہوجاتا ہے۔

# کیوں کہا جاتا ہے کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا!!

**تحریر: جاوید اختر بھارتی**

بہت سے ایسے مواقع آتے ہیں کہ تقریر وتحریر میں کہا جاتا ہے کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، اس جملے میں جذبات بھی ہے، للکار بھی ہے، چیلنج بھی ہے، یقین بھی ہے اور پختگی بھی ہے مگر یہ یاد رکھیں کہ یہ جملہ مخصوص موقع کے لئے ہے اور یہ جملہ کہتے ہوئے خود کہنے والا بھی محاسبہ کی زد میں ہوتا ہے،، ماچس کی تیلی پھونکوں سے بجھ جاتی، جلتی ہوئی موم بتی پھونکوں سے بجھ جاتی ہے مگر چھوٹے چولہوں میں مختصر لکڑیاں جب سلگتی ہیں تو پھونکوں سے بجھنے کے بجائے جلنے لگتی ہیں اور جلنے کے دوران پھونکوں سے بجھتی بھی نہیں ہیں پھونکوں سے غبارے پھلائے جاتے ہیں مگر پھونکوں سے ٹائر میں ہوا نہیں بھری جاسکتی آیئے پھر چلتے ہیں اس جانب جہاں سے ابتداء کی گئی ہے کہ پھونک سے آگ بجھتی بھی ہے اور بھڑکتی بھی ہے لیکن کبھی کبھی آگ اور دھوئیں سے ہٹ کر بھی جملہ استعمال کیا جاتا ہے کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا جبکہ چراغ پھونکوں سے بجھ جاتا ہے مگر اس کے باوجود بھی یہ کہنا کہ پھونکوں سے چراغ بجھایا نہ جائے گا یہی چیلنج ہے دراصل یہ ایک حقیقت کو ڈنکے کی چوٹ پر اجاگر کرنے کے لئے اور سچائی کو عام کرنے کے مقام پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے کوئی اپنے دائیں اور بائیں، آگے اور پیچھے تھوک سکتا ہے مگر چہرہ اوپر کرکے تھوکے اور چاہے کہ وہ تھوک اوپر ہی چلا جائے تو ناممکن ہے وہ اسی کے چہرے پر واپس آئے گا،، ایک زمانہ تھا کہ مسلمانوں کی تعداد انتالیس تھی عمر بن خطاب کہتے تھے کہ اب چالیسواں مسلمان کوئی نہیں ہوگا قتل نبی کے ارادے سے عمر چلے مگر رحمۃ للعالمین کی دعا اور رب العالمین کی بارگاہ میں قبولیت نتیجہ یہ ہوا کہ چالیسویں مسلمان خود عمر بن خطاب ہوئے اور عمر سے حضرت عمر ہوگئے،، کفار سمجھ رہے تھے کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھا دیا جائے گا،، معرکہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد 313 تھی کسی کے پاس تلوار تھی تو ڈھال نہیں، کسی کے پاس ڈھال تھی تو تلوار نہیں، کسی کے پاس دونوں تھی تو گھوڑا نہیں اور دوسری طرف کفار کا بھاری بھرکم لشکر تھا اس موقع پر بھی کفار کو بھروسہ تھا کہ دین اسلام کا چراغ تو بجھ ہی جائے گا مگر نبی پاک نے خود لشکر تشکیل دیا میدان جنگ میں قدم رکھا جنگ کے سارے اصول وضوابط مرتب کرنے کے بعد بارگاہ خداوندی میں مسلمانوں کی کامیابی کے لئے اور حق کی بلندی کے لئے اور اسلام کی فتح کے لئے دعائیں کی وہ حق وباطل کا پہلا معرکہ تھا اور اسلامی لشکر کی فتح ہوئی اسلام کا ڈنکا بجا اور ایسا ڈنکا بجا کہ آج تک بج رہا ہے اور قیامت تک بجے گا اور جب بھی کوئی بدبخت کوئی دشمن اسلام دین کو مٹانے کی بات کرے گا تو بے ساختہ ڈنکے کی چوٹ پر یہ جملہ کہا جائے گا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، حضرت عمر قتل نبی کے ارادے سے چلے اور راستے میں بہن بہنوئی کی خبر ملی تو بہن کے گھر پہنچے اور وہاں سے جب بارگاہ نبی میں پہنچے تو خود اعلان کردیا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، ہجرت کی شب ہے دشمنان اسلام کا شانہ نبی گھیرے ہوئے ہیں انہیں اس بات کا یقین تھا کہ جیسے ہی محمد گھر سے نکلیں گے تو کام تمام کردیا جائے گا نبی سید الکونین گھر سے نکلتے ہیں مٹی دشمنان اسلام پر پھینکتے ہیں ان کی آنکھوں کی بینائی نے کام کرنا بند کردیا نبی پاک کے دست مبارک سے پھینکی گئی مٹی نے اعلان کردیا کہ دین اسلام وہ روشن چراغ ہے کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، سراقہ نبی پاک کا پیچھا کرنے چلے تو حکم نبی پر عمل کرتے ہوئے زمین نے سراقہ کے گھوڑوں کے پاؤں اپنے اندر دھنسا کر اعلان کیا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، طفیل طوسی کانوں میں روئی ڈال کر چلا کرتے تھے کہ خاتم الانبیاء کی بات کانوں میں نہ سنائی اور کوئی بھی شخص قرآن پڑھے تو وہ آواز بھی کانوں میں نہ جائے لیکن چھپ چھپ کر دیکھا بھی کرتے تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا پڑھتے ہیں اور کیا کرتے ہیں ایک دن اللہ کے رسول نماز پڑھا رہے تھے اور قرآن کی تلاوت فرمارہے تھے کہ طفیل طوسی کانوں سے روئی نکال کر اور دیواروں سے چپک کر سننے لگے اور نتیجہ یہ ہوا کہ دل کی کیفیت تبدیل ہونے لگی جیسے ہی نماز مکمل ہوئی وہ بارگاہ رسالت میں پہنچے کلمہ حق پڑھا مسلمان ہوگئے اور اعلان کردیا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، ابوجہل کو بڑا گھمنڈ تھا کہ میری مٹھی میں کنکریاں ہیں محمد سے پوچھوں گا کہ نبی ہو تو بتاؤ میری مٹھی میں کیا ہے وہ بتا نہیں پائیں گے تو میں خوب مذاق اڑاؤں گا،، نبی پاک سے ابوجہل پوچھتا ہے کہ بتاؤ میری مٹھی میں کیا ہے تو نبی نے فرمایا کہ خود اپنی مٹھی سے پوچھ لے ابوجہل جب اپنی مٹھی کان تک لے گیا تو مٹھی سے کلمہ حق کی آواز آرہی تھی مارے غصے کے کنکریاں پھینک دی تو کنکریوں نے اعلان کرنا شروع کردیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دین سچا ہے ائے بدبخت ابوجہل محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ چراغ روشن کیا ہے کہ اب پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، دو چھوٹے چھوٹے بچوں نے ابوجہل لعین کو زمین پر پچھاڑ دیا پھر قتل بھی کردیا گیا ان دو چھوٹے چھوٹے بچوں نے اعلان کردیا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا، حضرت سمیہ کے ساتھ ابوجہل ظالم نے وہ ظلم کیا ہے کہ سن کر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں شرم گاہ میں نیزہ مارا دونوں پاؤں کو دو جانوروں کے ساتھ باندھ کر دو سمت دوڑا دیا حضرت سمیہ کا جسم چر گیا لیکن اسلام پر قائم رہیں نبی کا کلمہ پڑھتی رہیں اور اعلان کرتی رہیں کہ ائے ظالموں پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، جب قرآن کو ایک بادشاہ نے مخلوق کہا تو حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ مخلوق کو فنا ہونا ہے اور قرآن مخلوق نہیں ہے قرآن اللہ کا کلام ہے نتیجے میں بادشاہ نے امام احمد بن حنبل کو کوڑوں سے مروایا اور ہر کوڑے پر امام احمد بن حنبل یہی کہتے رہے کہ قرآن اللہ کی مخلوق نہیں ہے بلکہ قرآن اللہ کا کلام ہے اس طرح امام احمد بن حنبل نے بھی چیلنج کردیا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا،، معلوم ہوا کہ جب بھی صداقت وحقانیت کو جھٹلانے کے لئے کوئی بدبخت میدان میں آئے گا تو کوئی نہ کوئی اس کا دندان شکن جواب دینے والا بھی ہوگا اور اسی کے درمیان ودوران یہ نعرہ بھی گونجے گا کہ پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا کیونکہ اس چراغ سے مراد دین اسلام ہے، ضابطہ اسلام ہے، احکامات وہدایات اور تعلیمات اسلام ہے جو اللہ کا سب سے پسندیدہ دین ہے جس کو قائم رکھنے اور جس کا بول بالا کرنے کا وعدہ اللہ نے خود اپنے محبوب محسن انسانیت سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ہے،، جس نے وعدہ کیا ہے وہ ذات رب العالمین کی ہے اور جس سے وعدہ کیا ہے وہ ذات رحمۃ للعالمین کی ہے اسی بنیاد پر دشمنان اسلام کو منہ کی کھانی پڑتی ہے۔

# ذہانت کے چار اقسام اور اسکی اہمیت



از قلم: محمود علی لیکچرر

ماہرین نفسیات کے مطابق ذہانت کی چار اقسام ہیں۔
1) انٹیلیجینس کوشینٹ (IQ)
2) ایموشنل کوشینٹ (EQ)
3) سوشل کوشینٹ (SQ)
4) ایڈورسٹی کوشینٹ (AQ)

1. ذہانت کا حصہ intelligent quotient کسی فرد کی ذہانت کا پیمانہ جو خاص طور پر ڈیزائن کیے گئے ٹیسٹوں سے حاصل کردہ نتائج سے حاصل ہوتا ہے۔ حصہ روایتی طور پر کسی فرد کی ذہنی عمر کو اس کی تاریخی عمر سے تقسیم کرکے اور نتیجہ کو 100 سے ضرب دے کر اخذ کیا جاتا ہے۔ یہ عقل وفہم کی سطح کا پیمانہ ہے۔ آپ کو ریاضی کو حل کرنے، چیزیں یاد کرنے اور سبق یاد کرنے کے لیے IQ کی ضرورت ہے۔

**2. جذباتی اقتباس (EQ)**

یہ دوسروں کے ساتھ امن برقرار رکھنے، وقت کی پابندی، ذمہ دار، ایماندار، حدود کا احترام، عاجز، حقیقی اور خیال رکھنے کی آپ کی صلاحیت کا پیمانہ ہے۔

**3. سماجی اقتباس (SQ)**

یہ دوستوں کا نیٹ ورک بنانے اور اسے طویل عرصے تک برقرار رکھنے کی آپ کی صلاحیت کا پیمانہ ہے۔ جن لوگوں کا EQ اور SQ زیادہ ہوتا ہے، وہ زندگی میں ان لوگوں کے مقابلے میں زیادہ آگے بڑھتے ہیں جن کا IQ زیادہ ہوتا ہے لیکن عموماً EQ اور SQ کم ہوتا ہے، کیونکہ ہمارے معاشرے میں اس کا کوئی خاص شعور نہیں۔ زیادہ تر اسکول IQ کی سطح کو بہتر بنا کر فائدہ اٹھاتے ہیں جبکہ EQ اور SQ پر کم توجہ دی جاتی ہے۔ ایک اعلیٰ IQ والا آدمی اعلیٰ EQ اور SQ والے آدمی کے ذریعہ ملازمت حاصل کرسکتا ہے حالانکہ اس کا IQ اوسط ہو۔ آپ کا EQ آپ کے کردار کی نمائندگی کرتا ہے، جبکہ آپ کا SQ آپ کی کرشماتی شخصیت کی نمائندگی کرتا ہے۔ ایسی عادات کو اپنائیں جو ان تینوں Qs کو بہتر بنائے گی، خاص طور پر آپ کے EQ اور SQ۔

**4. مشکلات (مصیبت) (adversity) کا حصّہ (AQ)**

زندگی میں کسی نہ کسی مشکل سے گزرنے، اور اپنا کنٹرول کھوئے بغیر اس سے باہر آنے کی آپ کی صلاحیت کا پیمانہ۔ مشکلات کا سامنا کرنے پر، AQ طے کرتا ہے کہ کون ہار مانے گا، کون اپنے خاندان کو چھوڑ دے گا، اور کون خودکشی پر غور کرے گا؟ والدین براہِ کرم اپنے بچوں کو صرف اکیڈمک ریکارڈ بنانے کے علاوہ زندگی کے دیگر شعبوں سے بھی روشناس کرائیں۔ انہیں تنگ دستی میں گزارہ کرنے اور مشقت کو پسند کرنے اور اس سے تحمل کے ساتھ نکلنے کے لیے بھی تیار کریں۔ ان کا آئی کیو، نیز ان کا EQ، SQ اور AQ تیار کریں۔ انہیں کثیر جہتی انسان بننا چاہیے تاکہ وہ آزادانہ طور پر کام کرسکیں۔ اپنے بچوں کے لیے سڑک تیار نہ کریں بلکہ اپنے بچوں کو سڑک کے لیے تیار کریں۔ متعدد ذہانت، انسانی ذہانت کا نظریہ سب سے پہلے ماہر نفسیات ہاورڈ گارڈنر نے اپنی کتاب فریمز آف مائنڈ (1983) میں تجویز کیا۔ اس کے بنیادی طور پر، یہ تجویز ہے کہ افراد میں آٹھ الگ الگ ذہانتوں، یا ذہانت کے دائروں کا ایک مجموعہ تیار کرنے کی صلاحیت ہے۔ اس تجویز کی بنیاد گارڈنر کے اس دعوے پر ہے کہ کسی فرد کی علمی صلاحیت کو ایک ہی پیمائش میں مناسب طریقے سے پیش نہیں کیا جاسکتا، جیسے کہ IQ سکور۔ بلکہ، چونکہ ہر فرد الگ الگ ذہانت کی مختلف سطحوں کو ظاہر کرتا ہے، اس نظریہ کے مطابق، ایک منفرد علمی پروفائل انفرادی طاقتوں اور کمزوریوں کی بہتر نمائندگی کرے گا۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ، اس نظریہ کے اندر، ہر شخص کسی نہ کسی حد تک تمام ذہانت رکھتا ہے۔ گارڈنر نے مؤقف اختیار کیا کہ علمی صلاحیت کے لیے ایک آزاد "ذہانت" کے طور پر اہل ہونے کے لیے (بجائے ایک ذیلی مہارت یا دیگر قسم کی ذہانت کے امتزاج کے طور پر)، اسے آٹھ مخصوص معیارات پر پورا اترنا چاہیے۔ سب سے پہلے، یہ ممکن ہونا چاہیے کہ ایک مخصوص اشارے کا استعمال کرتے ہوئے اس صلاحیت کو اچھی طرح سے ظاہر کیا جائے جو اس کے ضروری معنی کو بیان کرے۔ دوسرا، اعصابی ثبوت موجود ہونا چاہیے کہ دماغ کا کچھ حصہ اس مخصوص صلاحیت کو کنٹرول کرنے کے لیے مخصوص ہے۔ تیسرا، کیس اسٹڈیز کا موجود ہونا ضروری ہے جو یہ ظاہر کرتے ہیں کہ لوگوں کے کچھ ذیلی گروپ (جیسے بچوں کے پروڈیوجی) دی گئی ذہانت میں اعلیٰ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ چوتھا، ذہانت کا تاریخ اور ثقافتوں میں کچھ ارتقائی مطابقت ہونی چاہیے۔ پانچویں، صلاحیت میں ہر فرد کے لیے ایک منفرد ترقی کی تاریخ ہونی چاہیے، جو ہر فرد کی اس میں مہارت کی مختلف سطح کی عکاسی کرتی ہے۔ چھٹا، ذہانت کو سائیکومیٹرک اسٹڈیز میں قابل پیمائش ہونا چاہیے جو تمام ذہانتوں میں مہارت کی مختلف سطحوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ ساتویں، انٹیلی جنس کے پاس بنیادی کارروائیوں کا کچھ خاص سیٹ ہونا ضروری ہے جو اس کے استعمال کی نشاندہی کرتے ہیں۔ آخر میں، مجوزہ انٹیلی جنس پہلے سے ہی انٹیلی جنس کی پیمائش کے موجودہ ذرائع کی بنیاد پر قابل فہم ہونا چاہیے۔

# آخری ملاقات

خون کے رشتوں میں نفرت ناراضگی اتنی بڑھ گئی ہے بھائی بھائی ایک دوسرے کا منہ دیکھنا پسند نہیں کرتے انتقال ہوتا ہے تو بیگم میت کو ہلا ہلا کر کہتی ہے اٹھو تمہارے بھائی آئے ہیں کچھ بولتے کیوں نہیں؟ زندگی میں مرنے کے بعد لوگ کاندھا دیتے ہیں جبکہ جیتے جی کہی جگہوں پر کاندھے کی ضرورت پڑتی ہے ساری عمر تو جینے کی وجہ کوئی نہیں پوچھتا لیکن موت والے دن پوچھتے ہیں کیسے مرگیا؟ خون کے رشتوں میں جب دوریاں بڑھ جاتی تو ملاقات جنازے میں ہوا کرتی ہیں۔ ایک مرنے والے انسان کو نہیں معلوم کہ آپ نے اس کے لیئے کتنے آنسو بہائے لیکن ایک زندہ انسان کو مرتے دم تک یاد رہے گا کہ تمہاری وجہ سے اس نے کتنے آنسو بہائیں۔ زندگی کا سفر بھی عجیب ہے بنا کچھ لیئے آتے ہیں، ہر چیز کیلئے لڑتے ہیں اور آخر میں سب کچھ چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ کفن میں جیب نہیں ہوتا۔ زندگی میں ہی ناراضگی ہو یا غلط فہمی بات چیت ملاقات کرلیا کرو۔ انسان رہے کا ہی نہیں تو اس کی غلطیوں کو کیا کروں گے؟

زندہ تھے تو گزرتے تھے نظریں چرا چرا کر
مرنے کے بعد چہرہ دیکھ رہے ہیں کفن ہٹا ہٹا کر

آصف پلاسٹک والا، ربانی ٹاور، مدنپورہ، ممبئی ۱۱
9323793996



# راہ نما ═══ مبارک کاپڑی

## حقیقی قابل اور باصلاحیت طلبہ کی تشکیل ہی اساتذہ کا ہدف ہونا چاہئیے!

ہماری درسگاہوں سے صرف امتحان کے رپورٹ کارڈ پر نمبرات کے 'کارنامے' انجام دینے والے طلبہ نہیں بلکہ حقیقی معنوں میں لائق و قابل طلبہ تیار ہونے چاہئیے۔ زبان کی اہمیت سے ہر کوئی واقف ہے۔ بچّہ جب بولنا شروع کرتا ہے، وہیں سے اُس کا وجود عمل میں آنا شروع ہوتا ہے اور آگے چل کر زبان ہی اُس کی شناخت بن جاتی ہے اور اسی لیے کہا یہ بھی جاتا ہے کہ ہر انسان اپنی زبان کے نیچے پوشیدہ ہے۔ عالم و جاہل، دانا و ناداں، مہذّب و غیر مہذّب، باشعور و بے شعور،، شائستہ و غیر شائستہ، اِن سب میں امتیاز کرنے کا معیار زبان ہی ہے۔ زبان ہی سے انسان کی علمی سطح کا اندازہ ہوجاتا ہے۔ اسی بناء پر بنیادی تعلیمی اداروں سے لے کر اعلیٰ تعلیمی اداروں میں زبان، زباندانی، لسانیات سے زیادتی اور استحصال کو برداشت نہیں کیا جانا چاہئیے۔ اس ضمن میں موردالزام ٹیکنالوجی کو ٹھہرانے کی کوشش ہوئی کہ ٹیکنالوجی بڑھتی جارہی ہے اور زبان کا معیار گھٹتا جارہا ہے حالانکہ مثبت طریقے سے سوچیں تو واضح ہوجاتا ہے کہ وہ زبانیں جن سے ہم واقف ہیں اُنھیں مزید جاننے وسیکھنے اور زباندانی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی معاون ثابت ہورہی ہے۔

**نمبروں کا کھیل:**

گزشتہ چند دہائیوں میں تعلیمی اداروں میں نامعلوم وجوہات کی بناء پر نمبروں کا کھیل شروع ہوا۔ زباندانی کے پرچوں کو بھی معروضی سوالات کی نہج پر مرتّب کیا جانے لگا اور اس طرح طالب علم زبان سیکھے نہ سیکھے، اُس کا امتحانی نتیجہ بڑا ہی جاذب نظر آجائے اس پر ساری قوّت صَرف (یا ضائع؟) ہونے لگی ہے۔ دراصل یہ امتحانی نمبرات یا مارکس کا کھیل امتحان کے بعد نہیں بلکہ اسکول کے کلاس روم سے ہی شروع ہوتا ہے۔ جب سائنس کے اُستاد کلاس میں داخل ہونے پر طلبہ سے مخاطب ہوتے ہیں: ''بچّو! آج ہم بہت ہی اہم سبق پڑھنے جارہے ہیں 'مینڈک کا دورِحیات'۔ یہ ایک سبق پورے ۸ نمبر لاتا ہے۔ اس لیے یہ بہت اہمیت کا حامل ہے۔'' کچھ دیر بعد اردو کے اُستاد کلاس روم میں داخل ہوکر مخاطب ہوتے ہیں۔ ''آج ہم 'مولانا آزاد: حیات و کارنامے' سبق پڑھنے جارہے ہیں۔ سرسری ہی پڑیں گے کیوں کہ پچھلے سارے امتحانی پرچوں پر نظر دوڑائی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ اس سبق سے متعلق اب تک ایک آدھ نمبر کا سوال ہی پوچھا گیا ہے۔'' جی ہاں! صحیح پڑھا آپ نے ہمارے کلاس روم میں کہا جارہا ہے کہ 'مینڈک کا دَورِحیات' اہم ہے کہ وہ ۸ مارکس لانے والا سبق ہے اور 'مولانا آزاد: حیات و کارنامے' سبق کی کوئی اہمیت نہیں کہ امتحان میں اُس سے متعلق ایک آدھ نمبر کا سوال ہی پوچھا جاتا رہا ہے۔

**وہ اساتذہ کہاں گئے؟**

نمبر، مارکس، اوّل درجہ، امتیازی درجہ، میرٹ لسٹ، ان سب کے اِردگرد جب تعلیمی نظام طواف کرنے لگا تو یہ نظام نزاع ہی کے عالم میں چلا گیا کیوں کہ اس میں طلبہ، اساتذہ، والدین اور انتظامیہ کی جملہ کوششیں اس پر مرکوز ہوگئیں کہ امتحان کا رپورٹ کارڈ کس طرح زیادہ سے زیادہ جاذب نظر آئے۔ علم، تعلیم، حصولِ علم، متعلم، معلّم، ان سب کے نظام پر بڑے ہی بھونڈے طریقے سے شب خون برپا ہوتے دیکھ کر آج رہ رہ کر ہمارے اساتذہ کرام یاد آتے ہیں کہ اُن اساتذہ کرام کا رویّہ زباندانی کے تعلق سے کیسا تھا اور کیوں یاد آتے ہیں ملاحظہ فرمائیں: (۱) اردو کے ہمارے ایک اُستاد نے ہمیں اقبال کے ایک شعر 'کیا میں نے اُس خاکداں سے کنارہ ÷ جہاں رزق کا نام ہے آب ودانہ' کی تشریح کے لیے ۴۰۔ ۴۰ رمنٹ کے ڈھائی پریڈ صَرف کئے تھے۔ اس شعر کی تشریح کرتے وقت ہمیں وہ یہ بھی سکھا سکتے تھے: 'میں نے اس دنیا سے کنارہ کشی اختیار کرلی جہاں زندگی کا واحد مقصد روزی روٹی حاصل کرنا ہے'، یعنی نظم کو نثر میں تبدیل کرکے وہ خاموش ہوسکتے تھے یا دوتین منٹ میں تشریح کچھ یوں کرسکتے تھے کہ شعر کی تشریح کے لیے امتحان میں صرف دو نمبر مختص ہیں، اس لیے تین چار سطروں میں تشریح لکھ دیں تب بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ کہتے ہوئے وہ نمبر بڑھانے کے دوسرے گُر بتانے میں لگ جاتے۔ (۲) طلبہ کو نمبرات کے جنگل میں بھٹکانے والے افراد کو ہم یہ بھی بتانا چاہیں گے کہ ہمارے اُستاد نے ایک مصرعہ 'شمسیر و سنا ں اوّل، طاؤس و رباب آخر' کی تشریح بیان کرنے میں ۴۰ رمنٹ کا ایک پورا پریڈ صَرف کیا تھا اور اُس دوران اُنھوں نے ایک بار بھی گھڑی نہیں دیکھی تھی۔ اس شعر کی تشریح کے لیے صرف دو نمبر مختص ہیں، یہ بتانے کی خطا بھی اُن سے سرزد نہیں ہوئی تھی۔ (۳) غالب کا مصرعہ 'لیکن آنکھیں روزنِ دیوارِ زنداں ہوگئیں' کی تشریح میں اُستاد نے پورا پریڈ کچھ اس طرح لگادیا کہ جب پریڈ کی گھنٹی بجی تو سبھوں کی آنکھیں نم تھیں۔ (۴) مولانا الطاف حسین حالی کے ایک مضمون کو پڑھانے سے پہلے ہمارے اُستاد نے اُن کی تصانیف 'حیات جاوید' اور 'مقدمہ شعروشاعری' پر سیر حاصل گفتگو کی تھی جب کہ مولانا حالی کے اس درجہ مفصّل تعارف پر امتحانی پرچے میں ایک نمبر کا بھی سوال پوچھا جانے والا نہیں تھا اور حالی کا وہ تعارف درسی کتاب میں درج بھی نہیں تھا۔ اس کے باوجود طلبہ کو حالی کا مکمل تعارف (مع مسدس حالی کے تعلق سے سرسیّد کے افکار) بتانا اُن اساتذہ نے کیوں ضروری سمجھا جب کہ اُس سے طلبہ کی مارکس شیٹ پر ایک نمبر کا بھی اضافہ نہیں ہونے والا تھا؟ (۵) ڈپٹی نذیر احمد کے شہرۂ آفاق ناول 'توبۃ النصوح' کے مرزا ظاہر دار بیگ کے کردار کو بیان کرنے والے الفاظ کو ہمارے اُستاد نے ہمیں رَٹنے کے لیے نہیں کہا تھا اور نہ یہ کہا تھا کہ اس کردار پر پیراگراف لکھنے پر کتنے نمبر ملیں گے مگر وہ ساری سطور ابھی تک لفظ بہ لفظ ذہن میں محفوظ ہیں۔ ملاحظہ کیجئے: ''چراغ کیا میں تو لیمپ روشن کروانے کا ارادہ کیا تھا لیکن گرمی کے دن میں پروانے بہت جمع ہوجائیں گے اور آپ پریشان ہوجائیں گے اور اس مکان میں ابابیلوں کی کثرت ہے، روشنی دیکھ کر گرنے شروع ہوں گے اور آپ کا بیٹھنا دشوار کردیں گے، تھوڑی دیر صبر کیجئے کہ ماہتاب نکل آتا ہی ہے۔'' کئی دہائیوں قبل کے اُستاد محترم نے کچھ ایسا پڑھایا تھا کہ وہ سب آج بھی ذہن میں محفوظ ہے اور پھر ہمیں ریاکاری وظاہری نام ونمود کے عکّاس یہ کردار جب جب ہمیں نظر آتے تھے تب ہمیں تعجب نہیں ہوتا تھا۔ ہم دل ہی دل میں یہ کہتے تھے کہ ڈپٹی نذیر احمد نے مرزا ظاہر بیگ کی شکل میں یہ کردار پہلے ہی پیش کیا تھا۔ محترم اساتذہ کرام! یہ تحریریں، اُن کے کردار یہ سب کچھ ہمیں یاد اس لیے ہیں کہ اُس دَور کے اساتذہ کلاس روم میں داخل ہوتے ہی یہ نہیں کہتے تھے کہ یہ سبق امتحان میں کتنے نمبرات لے کر آتا ہے بلکہ وہ زباندانی کی گہرائی وگیرائی میں لے جاتے، اس لیے اُس دَور کے طلبہ درسی کتاب سے ہٹ کر سوچتے اور اپنی رائے قائم کرتے بلکہ طالب علمی کے زمانے ہی سے اخبارات ورسائل کے ذریعے اپنی فکر وآراء کو دوسروں تک پہنچاتے۔ اُس زمانے میں امتحانی نتیجے کی رپورٹ کارڈ پر صدفیصد نمبر حاصل کرنے والے طلبہ تیار نہیں ہوتے تھے۔ البتہ انتہائی قابل، لائق، اور مثبت فکر کے حامل طلبہ کی ایک فوج ہمارے تعلیمی اداروں میں تیار ہوتی تھی۔ آخر میں ہم یہ بھی عرض کرنا چاہیں گے کہ ایک ایک بات کو سمجھانے کے لیے کئی کئی موضوعات، واقعات، تواریخ کے حوالے دینے والے اِن اساتذہ کی ماہانہ تنخواہ دوسو سے پانچ سو روپے ہی تھی!

# عبدالملک مومن کی دو تصانیف "مشاہیرِ بھیونڈی" اور "عمرہ وحج کے شب وروز" کی تقریب رونمائی



بھیونڈی: 25/فروری (شارف انصاری) :- حلقہ ادب، بھیونڈی کے زیرِ اہتمام عبدلملک مومن کی دو تصانیف "مشاہیر بھیونڈی" اور "عمرہ وحج کے شب وروز" کی تقریب اجرا بروز اتوار 23/فروری 2025 کو جی ایم مومن ویمنس کالج ہال میں کے ایم ای سوسائٹی کے سابق صدر محمد اسلم فقیہ کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ آپ نے صدارتی خطاب میں کتاب کے تعلق سے اظہارِ خیال کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ ایک دستاویزی کتاب ہے۔ اس کے مشمولات کو دیکھتے ہوئے کہا کہ ملک مومن کی یہ کتاب پی ایچ ڈی کے لائق ہے اس کے لیے کوشش کی جانی چاہیے۔ مہمانانِ خصوصی کے طور پر مولانا ابوظفر حسان ندوی، ویورس ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر شریف حسن مومن اور الحمرا ایجوکیشن سوسائٹی کے نائب صدر سلیم رحمت اللہ انصاری نے پروگرام کو رونق بخشی۔ بحیثیت مہمانانِ اعزازی ایڈوکیٹ عبدالرشید طاہر مومن، سریش ٹاورے، نذر عبداللطیف مدعو اور گنیش دتاتریہ ڈانڈیکر شریک ہوئے۔ پروگرام کا آغاز قاری اظہار صاحب کی تلاوتِ کلام پاک اور ترجمہ سے ہوا۔ نیشنل ایوارڈ یافتہ سابق پرنسپل مومن بلال احمد نے مہمانان کا تعارف پیش کیا ناظم جلسہ سیماب مومن نے مہمانان کی خدمت میں گلہائے عقیدت پیش کیا۔ رئیس ہائی اسکول کے سابق چیرمن اور پروگرام کے کنوینر محمد شفیع مقری نے افتتاحیہ کلمات ادا کیے۔ بعد ازاں "مشاہیرِ بھیونڈی" کا اجرا اسلم فقیہ صاحب اور سلیم رحمت اللہ کے ہاتھوں اور "عمرہ وحج کے شب وروز" کا اجرا مولانا ابوظفر حسان ندوی کے دستِ مبارک سے عمل میں آیا۔ تقریب میں صاحبِ کتاب عبدالملک مومن کی خدمت میں "حلقہ ادب اور اہالیانِ بھیونڈی کی جانب سے تحائف اور گلوں کا نذرانہ پیش کیا گیا۔ صاحبِ کتاب نے اپنے تاثرات میں حاضرینِ جلسہ، عمائدینِ شہر اور اراکینِ حلقہ ادب کا پروگرام کے انعقاد اور پذیرائی کے لیے شکریہ ادا کیا۔ روزنامہ انقلاب کے مدیر شاہد لطیف نے مشاہیر بھیونڈی کو دستاویزی کتاب بتاتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب بزرگوں کی کاوشوں کو نسلِ نو تک منتقلی کا ایک گراں قدر سرمایہ ہے آپ نے کتابوں کے مطالعہ کی تلقین کی۔ ڈاکٹر عبدالسلام انصاری نے صاحب کتاب کی کاوشوں کو سراہا اور ایک دستاویزی کتاب کو ضبط تحریر میں لانے پر مبارکباد پیش کی۔ معروف انشائیہ نگار محمد رفیع انصاری نے صاحبِ کتاب پر اپنا پرمغز مقالہ پیش کیا۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر امیر حمزہ ثاقب نے مختلف تاریخی حوالوں کی روشنی میں کتاب کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پرنسپل ضیاء الرحمٰن انصاری نے کتاب اور صاحبِ کتاب پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ملک مومن نے انتہائی جانفشانی سے یہ کتاب تصنیف کی ہے آنے والی نسلیں اس سے استفادہ کریں گی اور اپنے اسلاف کو جان پائیں گی۔ مہمانِ خصوصی مولانا ابوظفر حسان ندوی نے فارسی اشعار کے حوالے سے صاحب کتاب اور ان کی تصنیف پر تبصرہ کیا۔ ایڈکیٹ عبدالرشید طاہر مومن نے صاحب کتاب سے اپنے دیرینہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے صاحبِ کتاب کی عرق ریزی اور محنت کو سراہتے ہوئے مبارک باد پیش کی۔ اس تقریب میں برادرانِ وطن کی بھی خاصی تعداد موجود تھی اس اقدام کو کافی پسند کیا گیا۔ اس موقع پر شری سریش ٹاورے نے اردو سے اپنی محبت کا اظہار کیا اور ایک بہترین کتاب لکھنے پر مبارکباد پیش کی نیز اس کتاب کا مراٹھی ترجمہ کرنے کا مشورہ دیا۔ شری گنیش ڈانڈیکر نے بھی مبارک باد پیش کی اور صاحب کتاب کی محنتوں کو سراہا۔ پروگرام کی نظامت اور شکریہ کا فریضہ سیماب انور مومن نے بہ حسن خوبی انجام دیا۔

